علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبۂ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ ! اچھی طرح ذہن نشین کر لیجیے کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں؛ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اصول وآدابِ افتا (ITHC-101) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: سرٹیفکیٹ کورس

ہدایت نامہ برائے طلبہ

امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھ لیجیے:

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں؛ البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 کام یابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ افتاء،استفتااور قضاکے مفاہیم واضح کرتے ہوئےان کے باہمی تعلق اور امتیازات پر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ مفتی اور مستفتی کے علمی واخلاقی آداب بیان کیجیے اور عملِ افتامیں ان کی اہمیت واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ فتاویٰ قاضی خان کی ترتیب،اسلوب اور فقہی منہج پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ افتاکے تاریخی ارتقاکا جائزہ لیتے ہوئے مختلف ادوار میں رائج افتائی مناہج بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ تلفیق اور افتا بہ مذہب الغیر سے کیامراد ہے؟ان کے جواز اور حدود کے متعلق فقہا کی آرا کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کام یابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ فتویٰ صادر کرنے کے بنیادی اصول وضوابط بیان کرتے ہوئے ایک مفتی کی علمی اہلیت اور اخلاقی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ مختلف فقہی مکاتب میں فقہااور مفتیان کے طبقات ومراتب کی تقسیم اور اس کے عملی اثرات واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ مجموع فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ ’’کی علمی اہمیت، ترتیب اور فقہی منہج کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ دار الافتاء المصریہ یا یورپین کونسل برائے افتا و تحقیق میں سے کسی ایک ادارے کا تعارف، فقہی منہج اور علمی خدمات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اجتہاد اور تقلید کا مفہوم اور باہمی تعلق واضح کرتے ہوئے ان کے جواز، دائرۂ کار اور شرائط پر بحث کیجیے۔ (20)